والدین کی تنظیمیں اور رقم

قانونی پس منظر

والدین کی تنظیم کو تنظیم کے انتظام و انصرام اور سرگرمیوں کیلئے فنڈز اکٹھے کرنے کا حق حاصل ہے اور یہ والدین کی تنظیم کے نام پر کھاتہ (اکاؤنٹ) کھلوانے کا حق بھی رکھتی ہے۔
والدین کی تنظیم کے تمام ارکان کی حفاظت کیلئے مناسب یہ ہے کہ چیک پر دستخط کرنے کی ذمہ داری 2 افراد پر ہو۔ عام طور پر یہ خزانچی اور اس کے ساتھ سربراہ یا سیکرٹری ہوتے ہیں۔

والدین کی تنظیم کو ایسے افراد جو چیک پر دستخط کرنے کا اختیار رکھتے ہیں کے نام قانونی طور پر قابل قبول بنانے کیلئے لازماً بنک سے ایک فارم حاصل کرنا چاہئے۔ عام طور پر ہر سال ایسا کیا جانا چاہئے جب کمیٹی کے ارکان میں کوئی تبدیلی واقع ہوتی ہے۔

لین دین کے تمام معاملات (آمدن اور اخراجات) کی لازماً وضاحت پیش کی جانی چاہئے اور کمیٹی کے ہر اجلاس میں خزانچی کی جانب سے ایک رپورٹ پیش کی جانی چاہئے۔

لازم ہے کہ تمام کھاتے مکمل طور پر برقرار رکھے جائیں اورتنظیم کے سالانہ عمومی اجلاس میں تنظیم کے قوانین کے مطابق پیش کئے جائیں۔

نیشنل پیرنٹس کونسل پرائمری اس بات کی نصیحت کرتی ہے کہ والدین کی تنظیمیں سالانہ کھاتوں کی ایک نقل بورڈ آف مینجنٹ کو معلوماتی مقاصد کیلئے ارسال کریں۔

فنڈز اکٹھا کرنا

آئرلینڈ میں پرائمری سکول کی تعلیم مفت دی جاتی ہے اور والدین کی تنظیموں کو اس بات کا لازماً خیال رکھنا چاہئے کہ تنظیم یا سکول کیلئے فنڈز اکٹھا کرنے کیلئے والدین پر کسی قسم کا کوئی دباؤ نہیں ڈالا جانا چاہئے۔

اگر والدین کی کوئی تنظیم رضاکارانہ چندے کا انتظام کرتی ہے تو وہ ہر صورت میں رضاکارانہ ہی ہونا چاہئے۔ کسی بچے یا والدین کی کسی صورت میں بھی چندہ دینے یا نہ دینے والے کی حیثیت سے نشاندہی نہیں کی جانی چاہئے۔

تعلیمی سال کے آغاز میں والدین کی تنظیم کو پرنسپل سے ملاقات کرنی چاہئے جو بورڈ آف مینجمنٹ کا رُکن ہو اور یہ مل کر فیصلہ کریں گے کہ سکول کیلئے سب سے مفید کیا ہو گا۔ پرنسپل ضرورت کی اشیاء کی ایک فہرست تیار کر سکتا ہے جس میں سے والدین تنظیم کی کمیٹی انتخاب کر سکتی ہے۔ کسی بھی قسم کا فنڈ اکٹھا کرنے سے پہلے بورڈ کی منظوری حاصل کرنا ضروری ہے۔

اکٹھا کئے گئے فنڈز کے سلسلے میں ہونے والا خرچہ والدین کی تنظیم سے مشاورت کے ساتھ بورڈ آف مینجمنٹ کے ذمہ ہوتا ہے۔ خرید کردہ تمام خدمات یا اشیاء کی رسیدیں اور اُن سے حاصل کردہ فنڈز والدین کی تنظیم کو دیے جانے چاہئیں۔

ہر فنڈ صرف اسی مقصد یا مقاصد کیلئے استمال کیا جانا چاہئے جس کیلئے رقم اکٹھی کی گئی ہو۔ مثال کے طور پر کھیلوں کے سامان کیلئے اکٹھی کی گئی رقم لازماً کھیلوں کے سامان پر ہی خرچ کی جانی چاہئے۔ اگر غیر معمولی حالات میں بورڈ کیلئے کسی مخصوص مقصد کیلئے اکٹھا کئے گئے تمام فنڈز استعمال کرنا غیر ضروری ہو جاتا ہے تو بورڈ والدین کی تنظیم اور جہاں ضروری ہو مقامی لوگوں کو اس بات سے آگاہ کرے گا۔ ہر صورت میں فنڈز صرف سکول کیلئے ہی استعمال کئے جانے چاہئیں۔ بورڈ والدین تنظیم کی کمیٹی سے مشاورت کے بعد اس مقصد کی تبدیلی کے بارے میں فیصلہ کرے گا جس کیلئے فنڈز استعمال کئے جاتے ہیں۔

ہر تعلیمی سال کے اختتام پر بورڈ آف مینجمنٹ آمدن اور اخراجات کی مکمل تفصیل تیار کرتا ہے اور یہ تفصیل والدین کو بھی دستیاب ہونی چاہئے۔ یہ سکول کی عمومی آمدن اور اخراجات کی سرگرمیوں بشمول والدین کی تنظیم کی طرف سے دیے گئے چندوں کی عکاسی کرے گی۔

یہ معلومات کیتھولک پرائمری سکول مینیجرز ایسوسی ایشن کی شائع کردہ مینجمنٹ بورڈ ممبرز ہینڈ بُک میں بھی شائع کی جاتی ہے۔

والدین کی تنظیم کیلئے انشورنس

نیشنل پیرنٹس کونسل پرائمری والدین کی تنظیموں کو نصیحت کرتی ہے کہ ہرجانوں کی صورت میں اپنے ارکان کی حفاظت کیلئے اپنی ذاتی انشورنس پالیسی حاصل کرے۔

انشورنس فنڈز اکٹھا کرنے، اجلاس، کھیلوں کے دنوں اور خدمات کی فروخت وغیرہ جیسی سرگرمیوں کا احاطہ کرتی ہے۔

انشورنس پالیسیاں والدین کی تنظیموں کے زیراہتمام موسم گرما میں چلنے والے سکولوں اور کیمپوں کیلئے دستیاب ہیں۔

والدین تنظیم کی کمیٹی کو اس بات کی یقین دہانی کر لینی چاہئے کہ والدین کی تنظیم کی تمام سرگرمیاں صحت اور حفاظت کے اصولوں کے عین مطابق ہیں۔

والدین کی تنظیموں کو اپنی انشورنس کی ضروریات کے بارے میں کسی انشورنس بروکر سے بات کرنی چاہئے۔

انشورنس کے بارے میں معلومات کیلئے براہِ مہربانی اپنے انشورنس بروکر سے رابطہ کریں۔

نیشنل پیرنٹس کونسل پرائمری، 12 مارلبورو کورٹ ، ڈبلن 1
ٹیلی فون : 01 8874034 فیکس : 01 8874489
ای میل : info@npc.ie ویب سائٹ : www.npc.ie
انفارمیشن / ہیلپ لائن : 01 8874477 ای میل : helpline@npc.ie